بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اشارات

اپریل سے اشارات کا ایک خاص سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ جون میں رسالے کی ترتیب کچھ ایسی رہی کہ اشارات کو مختصر کر کے لکھا گیا اور ایک مفصل مربوط مبحث کے بجائے گفتگو کی چند چھوٹی چھوٹی کڑیاں بیان کی جا سکیں۔ وہ بھی پوری نہ آ سکیں۔ پچھلی مرتبہ چند صفحے بچ گئے، وہ اس مرتبہ دیے جا رہے ہیں۔

اب جو چند ابواب فکر ذہن میں باقی ہیں، خدا سے امید ہے کہ وہ انہیں مسلسل اور مربوط طور پر بیان کرنے کی توفیق دے گا اور ان کا سلسلہ دو تین ماہ میں مکمل ہو جائے گا۔ جملہ محبتوں سے درخواستِ دعا۔

ایک عرصے سے ترجمان القرآن کی اشاعت ماہ بہ ماہ صحیح وقت پر نہیں ہو رہی۔ کئی بار کوشش کی گئی کہ چولی سے چول ٹھیک بیٹھ جائے۔ مگر ادارت، کتابت، سنسر، طباعت اور نظامت کے پانچ مراحل میں کہیں نہ کہیں ہر مرتبہ کوئی خلل آ جاتا ہے۔ مثلاً پچھلا پرچہ ادارت و کتابت کی منزلیں ۱۵؍جون تک طے کر گیا مگر رسالہ چھپ کر دفتر میں ۲۹؍جون کو پہنچا۔ تاہم عمل کی اس گرانی کا یہی علاج ہے کہ حدی خوانی کو تیز تر کر دیا جائے۔ چنانچہ اب جولائی کے شمارے میں صرف چند صفحات کی کمی ہے، اغلباً ۴، ۵ تک کام مکمل ہو جائے گا۔ اگر انتظامی اور طباعی عمل میں کوئی خلل نہ پڑا تو کوئی وجہ نہیں کہ رسالہ ۱۲؍جولائی تک روانہ نہ ہو جائے۔ ایسا ہو تو اگست کا شمارہ یکم یا اس سے پہلے آ سکتا ہے۔

اس کے لیے ہم بھی خدا سے مدد مانگتے ہیں، آپ سب بھی آمین کہیں۔